pass Resolution NO - 1410

قرارداد

ہر گاہ کہ گزشتہ حکومت نے مختلف اداروں کے ریسٹ ہاؤسز کو محکمہ انتظامیہ یا محکمہ ٹورزم کے حوالے کیا تھا۔ جس کا مقصد ان سے منافع کمانا تھا لیکن ان ریسٹ ہاؤسز میں بعض ایسے ہاؤسز شامل تھے جو مختلف قومی و صوبائی حکومتوں کے ساتھ ساتھ بیرون ملک سے آئے وفود کے لئے بھی استعمال ہوتے تھے جس میں گورنر ہاؤس، وزیر اعلیٰ ہاؤس اور ہمالہ ہاؤس (سپیکر ہاؤس) نتھیا گلی شامل تھے۔ بد قسمتی سے جس مقصد کے لئے مذکورہ ہاؤسز کو محکمہ انتظامیہ یا محکمہ ٹورزم کے حوالے کئے وہ مقصد پورا نہ ہو سکا البتہ اس سے مذکورہ محکماجات کو کافی مشکلات سے دوچار ہونا پڑا۔ ان ہی وجوہات کی بنا پر صوبائی کابینہ نے گورنر ہاؤس اور وزیر اعلیٰ ہاؤس کو دوبارہ اپنے اصل اداروں کے حوالہ کرنے کی منظوری دی لیکن صرف ہمالہ ہاؤس (سپیکر ہاؤس) تاحال محکمہ ٹورزم کے پاس ہے۔ چونکہ مختلف بیرونی وفود، قومی و صوبائی اسمبلیوں کے ممبران بیشتر اوقات خیبر پختونخواہ کے دوروں پر آتے ہیں اور ان کو ٹھرنے کے لئے ہمالہ ہاؤس ہی مؤذں مقام ہے۔

لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ گورنر ہاؤس اور وزیر اعلیٰ ہاؤس کی طرح ہمالہ ہاؤس (سپیکر ہاؤس) کو بھی صوبائی اسمبلی خیبر پختونخواہ کے حوالہ کیا جائے۔ نیز ہمالہ ہاؤس (سپیکر ہاؤس) محکمہ ٹورزم کے زیر نگرانی عرصہ میں خرچ شدہ فنڈز کی تخمینہ لاگت اور مذکورہ ہاؤس میں ٹھرے ہوئے مہمانوں کی تعداد بمعہ ہمالہ ہاؤس سے جنریٹ شدہ ریونیو کی مکمل تفصیل بھی اسمبلی سیکرٹریٹ کو مہیا کی جائے تاکہ اسمبلی سیکرٹریٹ کے اثاثہ جات محفوظ ہوں اور شفافیت کے عمل کو یقینی بنایا جا سکے۔

نگہت اورکزی
N. Orakzai

Moved by
Mst: Nighat Yasmeen
Orakzai, MPA

Passed
Unanimously

12/9/2022